© rasailojaraid.com

# کتاب نُما

## تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : زنا کی سنگینی اور اس کے بُرے اثرات

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

ضخامت : ۳۴۲صفحات قیمت: ۴۰۰روپے

ملنے کا پتہ : (۱) دار النور' اسلام آباد (۲) مکتبہ قدوسیہ' اردو بازار' لاہور

پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ معروف عالم دین' بلند پایہ محقق اور کثیر التصانیف ہیں۔ ان کی تصانیف اردو کے علاوہ عربی' فارسی' انگریزی' بنگالی' انڈونیشی اور فرانسیسی میں ہیں۔

زنا بہت بڑا جرم ہے۔ فاضل مصنف نے اس کی سنگینی کے حوالے سے الہامی مذاہب یہودیت اور نصرانیت میں اس کی شدید مذمت کا ذکر کیا ہے اور اس ضمن میں تورات اور انجیل کی نصوص کے حوالہ جات دیے ہیں۔ گویا یہ ایسا گناہ ہے جسے ہر مذہب وملت میں انتہائی قابلِ نفرت اور سنگین جرم گردانا گیا ہے۔ توریت اور انجیل میں نہ صرف اس سے روکا گیا ہے بلکہ اس کے شدید اثرات بتائے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں اس جرم میں یہودیت اور عیسائیت میں دنیوی اور اخروی کڑی سزاؤں کا ذکر ہے۔ یہودیت میں زنا کی سزائیں قتل' زندہ جلانا اور رجم ہے' جبکہ عیسائیت میں بھی اس جرم کی یہی سزائیں ہیں۔

اسلامی تعلیمات میں قرآن وسنت کی روشنی میں شادی شدہ زانی اور زانیہ کے لیے رجم کی سزا ہے جبکہ غیر شادی شدہ زانی اور زانیہ کے لیے سو کوڑوں کی سزا ہے۔ اسلام میں زنا اس قدر بڑا گناہ ہے کہ اس کے قریب جانے سے بھی منع کیا گیا ہے۔ یعنی غیر محرم کے ساتھ نشست وبرخاست' میل جول' بے پردہ ملاقات سے روکا گیا ہے۔ شہوانی جذبہ بہر نوع کنٹرول کرنے کا حکم ہے جس پر بڑے اجر کا وعدہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کرنے والوں کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

فاضل مصنف نے موضوع کی وضاحت کا حق ادا کر دیا ہے۔ مغربی ممالک میں زنا عام ہے' شادی کے بندھن کی اہمیت نظر انداز کی جا رہی ہے' جس کے اثرات سے مغربی معاشرے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ اسقاط عام ہے' مردوں اور عورتوں میں طرح طرح کی نئی بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ وہاں ناجائز بچوں کی تعداد میں روز



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ آبادی کی قلّت کا مسئلہ گھمبیر ہو رہا ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی کے نتائج بدظاہر ہو رہے ہیں اور اب مشرق میں اس کو رواج دیا جا رہا ہے' جبکہ اسلامی تعلیمات میں ایسے اقدام سرے سے ممنوع ہیں۔

فاضل مصنف نے موضوع پر روشنی ڈالنے کے لیے بڑے ذخیرہ کتب سے استفادہ کیا ہے جس میں اردو کے علاوہ سو سے زیادہ عربی کتب اور دو درجن انگریزی کتب شامل ہیں۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر انتہائی جامع اور معلومات افزا ہے۔ کتاب مجلّد ہے اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔

## (۲)

نام کتاب : آدابِ خود آگاہی

مصنف : عتیق الرحمٰن صدیقی

ضخامت : ۲۵۶ صفحات قیمت: ۲۸۰ روپے

ملنے کا پتہ : الخدمت پبلشرز' ۱۔ کینال روڈ' تاج باغ' ہربنس پورہ' لاہور

عتیق الرحمٰن صدیقی ایک عالم دین' ماہرِ تعلیم اور صاحب طرز ادیب ہیں۔ آپ ایک ممتاز علمی خانوادے کے چشم و چراغ ہیں اور آپ کے والد گرامی حیدر زمان صدیقی مرحوم معروف عالم دین اور متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ عتیق الرحمٰن صدیقی شعبہ تعلیم سے وابستہ رہے اور بطور پرنسپل ریٹائر ہوئے۔ ان کی تمام عمر درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کے مشاغل ہی میں بسر ہوئی ہے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں' جن میں پھول پھول خوشبو' خیالوں کی مہک' شوقِ حرم' نقوشِ سیرت' چراغِ مصطفوی اور باغ کے پھول خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان کی تحریر میں سنجیدگی' احتیاط' دین کے ساتھ لگاؤ' عقیدے کی پختگی اور حُبِ رسول ﷺ جیسے عناصر نمایاں ہوتے ہیں۔ صدیقی صاحب ماہنامہ میثاق کے مستقل قلمی معاون ہیں اور ان کے مضامین اپنے علمی و عملی موضوعات اور جاندار مواد کے باعث قارئین میثاق کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ان میں سے منتخب مضامین پر مشتمل ہے۔

مضامین فکر انگیز' نصح و خیر خواہی کے جذبات کے تحت لکھے گئے ہیں جو معلومات افزا اور پُرتاثیر ہیں اور ان میں اسلامی زندگی کے تقاضوں سے آگاہ کیا گیا ہے۔

چند مضامین کے عنوانات یہ ہیں:

قرآن مجید —— جامع کتاب الٰہی
نبی اکرم ﷺ —— سرورِ کونین
نبی اکرم ﷺ کی حدیث و سنت
محبت الٰہی کا حقیقی معیار
دعوت و تبلیغ
شیطان اور اس کی چالیں
امن و سلامتی کی دائمی دعا
مؤمن اور جذبہ شکر و سپاس



© rasailojaraid.com